# حضورِانور کے ساتھ سینیٹر Hon. Ben Cardin کی ملاقات

بعدازاں میری لینڈ (Maryland) کے ایک سینیٹر Hon. Ben Cardin نے جو آج کے اس پروگرام میں شرکت کے لئے آئے ہوئے تھے، حضورِانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی۔

موصوف نے حضورِانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا اور کہا کہ ہم آپ کی بہت عزت کرتے ہیں۔ آپ کی انٹرنیشنل لیڈرشپ کا احترام کرتے ہیں۔ آپ نے خاص طور پر آزادی کے حوالہ سے حقوق دلوانے کے لحاظ سے اور مختلف تنظیموں کے درمیان تعلقات بڑھانے کے لحاظ سے بہت بڑی لیڈرشپ دکھائی ہے۔

اس پر حضورِانور نے فرمایا۔ یہی اس دور کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور ہم تیزی سے تباہی کی طرف جارہے ہیں، بجائے اس کے کہ ہم امن اور محبت کو پھیلائیں۔

سینیٹر صاحب نے عرض کیا کہ آجکل بہت سے مسائل ہیں، سعودی عرب کے جرنلسٹ کا قتل ہے، یمن، سیریا کا مسئلہ ہے، وینزویلا کا مسئلہ ہے۔ ان سب باتوں سے امن خراب ہورہا ہے۔ اس وجہ سے حضور کے امن کے پیغام کی بہت ضرورت ہے۔

اس پر حضورِانور نے فرمایا: یہ بہت افسوس کی بات ہے کہ مسلمان ہی مسلمان کو ماررہا ہے اور بغیر سوچے سمجھے آپس میں لڑتے جارہے ہیں۔ بچوں کو بھی مارا جارہا ہے۔ بہت تکلیف ہوتی ہے یہ سارے حالات دیکھ کر۔ امریکہ ایک بڑی طاقت ہے، امریکہ کو امن کے حوالہ سے اور انسانیت کی خدمت کے حوالہ سے اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔

اس پر سینیٹر موصوف نے کہا کہ میں حضورِانور سے ہزار فیصد متفق ہوں۔ نیز موصوف نے کہا کہ حضور کا پیغام بڑا پاورفل ہے۔ آپ جیسی شخصیت کی ہم بالٹی مور (Baltimore) میں پہلی دفعہ میزبانی کررہے ہیں۔ ہم حضور کے شکرگزار ہیں کہ آپ یہاں آئے اور آپ نے یہاں مسجد کی تعمیر کی ہے اور اس کا افتتاح کیا ہے۔ یہاں آپ کی بہت اچھی کمیونٹی ہے۔ ہمیں اس سے بہت خوشی ہے۔

آخر پر حضورِانور نے فرمایا: ہم سب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مذہب کے پیروکار ہیں اور آپ کو ماننے والے ہیں۔ عیسائی ہوں، یہودی ہوں یا مسلمان ہوں، اگر اس بات کو سمجھ لیا جائے تو پھر دنیا میں امن قائم ہوسکتا ہے۔

آخر پر سینیٹر صاحب نے حضورِانور کے ساتھ تصویر بنوائی۔

سینیٹر صاحب کی حضورِانور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ یہ ملاقات چھ بج کر پندرہ منٹ پر ختم ہوئی۔